## عوام بالخصوص مخیّر حضرات سیلاب زدگان کی امداد کیلئے مالی رقم اور عطیات
## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے اکاونٹ میں جمع کروائیں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔18، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے مودبانہ اپیل کی ہے کہ وہ سیلاب زدگان کی امداد کیلئے زیادہ سے زیادہ مالی امداد اور دیگر عطیات جمع کرائیں۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام ملک بھر میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے مالی رقوم مسلم کمرشل بنک واٹر پمپ برانچ نمبر 0073 فیڈرل بی ایریا میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مندرجہ ذیل اکاؤنٹ نمبر "1000816" کے علاوہ سوئفٹ کوڈ (MUCBPKKA) میں جمع کرواسکتے ہیں اور مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل نمبروں 0213-6328464-0213-6333811 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

## وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو،
## پاکستان میں سیلاب سے ہونیوالی تباہی اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال
## وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے الطاف حسین کو حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید کے قاتلوں کی گرفتاری سے آگاہ کیا
## اگر گرفتار کئے جانے والے افراد تحقیقات کے نتیجے میں ثبوت وشواہد کے ساتھ اصل قاتل ثابت ہوئے ہیں تو یہ حکومت کا بہت بڑا کارنامہ ہوگا۔الطاف حسین
## الطاف حسین نے سیلاب سے نمٹنے اور امن وامان کی صورتحال کی بہتری کیلئے وفاقی وزیر داخلہ کی کوششوں کو سراہا

لندن۔۔۔18 اگست 2010ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے پاکستان میں سیلاب سے ہونیوالی تباہی اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ خدا کا فضل ہے کہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید کے قاتل پکڑ لئے گئے ہیں۔جناب الطاف حسین نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اگر گرفتار کئے جانے والے افراد تحقیقات کے نتیجے میں ثبوت وشواہد کے ساتھ اصل قاتل ثابت ہوئے ہیں تو نہ صرف یہ کہ ایک حکومت کا بہت بڑا کارنامہ ہوگا بلکہ جن لاء انفورسمنٹ ایجنسیز نے ان دہشت گردوں کی گرفتاری کیلئے جس محنت ولگن سے کام کیا ہے وفاقی وزیر داخلہ انہیں انعامی اسناد سے نوازیں۔جناب الطاف حسین نے سیلاب سے نمٹنے اور امن وامان کی صورتحال کی بہتری کیلئے وفاقی وزیر داخلہ کی کوششوں کو سراہا اور انہیں اس سلسلے میں کچھ تجاویز بھی دیں۔

## رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے اپنا قیمتی وقت نکالنا اللہ تعالیٰ کو پسند آتا ہے،الطاف حسین
## ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کارکنوں اور رضا کاروں کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین
## سابق سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کو تمام امدادی کاروائیوں کا نگراں مقرر کردیا گیا

لندن۔۔۔18 اگست 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن (KKF) کے مرکزی کیمپ میں فون کرکے سیلاب سے متاثرہ افراد کی مدد کے لئے موجود کارکنوں اور رضا کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں روزہ کی حالت میں دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے اپنا قیمتی وقت نکالنا اللہ تعالیٰ کو پسند آتا ہے اور آپ لوگوں کی اس محنت کی برکت سے اللہ تعالیٰ سیلاب کی تباہ کاریوں سے عوام کو نجات دلائے گا اور لوگوں کی جان ومال کی حفاظت کرے گا۔جناب الطاف حسین نے پاکستانی قوم سے اپیل کی ہے کہ آگے بڑھ کر متاثرین سیلاب کی اپنی بساط کے مطابق مدد کریں اور ثابت کردیں کہ اس کٹھن اور مشکل وقت میں پوری قوم اپنے متاثرہ ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور بھائیوں کے ساتھ ہے۔جناب الطاف حسین نے تمام کارکنوں اور رضا کاروں کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ہمیں بس یہ دیکھنا چاہیے کہ ہم بحیثیت پاکستانی کس طرح اپنے متاثرہ بھائیوں کی مدد کرسکتے ہیں۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے سابق سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کو تمام امدادی کاروائیوں کا نگراں مقرر کردیا ہے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کی امداد کیلئے سرگرمیوں عروج پر پہنچ گئی

## مخیّر حضرات اور ایم کیوایم کے حق پرست نمائندوں کی جانب سے کے کے ایف میں غذائی اجناس، ادویات اور دیگر امدادی سامان جمع کروایا گیا

## رابطہ کمیٹی اور حق پرست نمائندوں کا مختلف شہروں اور کیمپوں کا دورہ، متاثرین میں غذائی اجناس اور امدادی سامان تقسیم

کراچی۔۔۔18، اگست 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سندھ سمیت ملک بھر میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے امدادی سرگرمیاں جارہی ہیں اور اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کے علاوہ سکھر اور حیدرآباد میں قائم ریلیف بیس کیمپس میں مخیّر حضرات صنعت کار، بزنس مین، تاجر، بلڈرز اور ملز اونر سمیت شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور حق پرست منتخب عوامی نمائندوں، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان کی جانب سے سیلاب زدگان کی بھرپور معاونت اور مدد کیلئے بھاری مقدار میں غذائی اجناس، جان بچانے والی ادویات، ملبوسات اور دیگر ضروری امدادی سامان جمع کروایا جارہا ہے جبکہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر عارضی طور پر ریلیف کیمپوں میں تبدیل کیے گئے کراچی کے سیکٹرز، یونٹ، اندرون سندھ زونل دفاتر سیکٹرز یونٹ اور پنجاب میں بھی زونل دفاتر اور سیکٹرز یونٹس ایم کیوایم سیکٹرز، یونٹ اور زونل دفاتر میں بھی عوام کی بڑی تعداد نے امدادی سامان جمع کرواکر سیلاب زدگان سے مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق حق پرست سینیٹر عبدالحسیب نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کرکے بروکس فارمیسی ٹیکل کمپنی کی جانب سے بھاری مقدار میں جان بچانے والی ادویات خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کروائی جس میں پیٹ کے مختلف امراض، گیسٹرو، جلد امراض اور دیگر امراض کی ادویات شامل ہیں جبکہ زافہ (ZAFA) فارمیسی ٹیکل کمپنی نے بھی بھاری مقدار میں ادویات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کے طور پر دیں۔ جس سے رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، مصطفیٰ کمال اور محترمہ نسرین جلیل نے وصول کیا۔ اسی طرح حق پرست صوبائی وزیر صنعت وتجارت عبدالرؤف صدیقی نے بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن میں 250 سے زائد راشن کے کارٹن جمع کروائے جس میں ایک خاندان کیلئے کم از کم ایک ماہ کا مکمل راشن ہے جبکہ حق پرست صوبائی وزیر ماحولیات شیخ محمد افضل (خالد عمر) نے 100 سے زائد خیمے جمع کروائے۔ کراچی، حیدرآباد اور سکھر کی طرح آزاد کشمیر میں بھی متاثرین سیلاب کیلئے فنڈ جمع کرنے کا سلسلہ جاری اور اس سلسلے میں مظفرآباد، کوٹلی اور پٹیاں بالا میں ایم کیوایم کے کارکنان کی جانب سے باقاعدہ مہم جاری ہے جس میں مظفرآباد میں 35000 سے زائد امدادی رقم جمع کی جاچکی ہے۔ دریں اثناء جامشورو میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور شاکر علی نے جامشورو، کوٹری اور کانپور حفاظتی پشتوں کا دورہ کیا اور حفاظتی پشتوں کا جائزہ لیا، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد نے شکارپور میں سیلاب متاثرین میں امدادی سامان اور غذائی اجناس تقسیم کی۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نثار اور زونل کمیٹی کے ارکان بھی تھے۔ شکارپور میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت صبح سے شام تک لنگر جاری رہا اور مختلف علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی سبیلیں لگائی گئی جبکہ حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب، نثار احمد پنہو، صوبائی مشیر غلام حیدر رراہو اور اندورنِ سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن سراج راجپوت اور شکارپور کے زونل انچارج حق نواز نے ریلیف کیمپ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شکارپور کا دورہ کیا اور سیلاب سے متاثرہ لوگوں سے ملاقات کرکے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## پوری قوم کو باہم متحد ہوکر اپنے آفت زدہ بہن بھائیوں کی دل کھول کر مدد کرنا ہوگی،

## حکومت سمیت عام پاکستانی کو سادگی کے عمل کو اپنانا ہوگا، ڈاکٹر محمد فاروق ستار (وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی)

## ایم کیوایم راولپنڈی زون کے زیر اہتمام قائم امدادی کیمپ کے دورہ کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو

راولپنڈی۔۔۔18، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور سمندر پار پاکستانیوں کے وزیر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں پوری قوم کو باہم متحد ہوکر اپنے آفت زدہ بہن بھائیوں کی دل کھول کر مدد کرنا ہوگی اور حکومت سمیت عام پاکستانی کو سادگی کے عمل کو اپنانا ہوگا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم راولپنڈی زون کے زیر اہتمام قائم امدادی کیمپ کے دورہ کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایم کیوایم راولپنڈی زون کے ذمہ داران وکارکنان سمیت عوام کی بھی کثیر تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد فاروق ستار کی اپیل پر موقع پر موجود عوام نے ہزاروں روپے کی نقدی، غذائی اجناس، ادویات اور مختلف نوعیت کے عطیات بھی امدادی کیمپ میں جمع کرائے۔ ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ ایم کیوایم مصیبت کی اس گھڑی میں اپنے مجبور بہن بھائیوں کو اکیلا نہیں چھوڑے گی اور انہیں ہر طرح کے وسائل ذرائع مہیاء کرنے میں ہر ممکن کوشش کرے گی۔

## قائدِ تحریک جناب الطاف حسین بھائی کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے اراکینِ رابطہ کمیٹی وصوبائی تنظیمی کمیٹی اورحق پرست رکن قومی اسمبلی سیلاب متاثرین کے امدادی کیمپ چوک گھنٹہ گھر ملتان کا دورہ،امدادی کاموں کا جائزہ لیا۔

ملتان۔۔۔18اگست2010ء

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام سیلاب متاثرین کے لئے چوک گھنٹہ گھر ملتان میں لگائے جانے والے امدادی کیمپ پرایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا نے ممبرصوبائی تنظیمی کمیٹی کامران اختر اورحق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد کے ہمراہ دورہ کیا اور امدادی کاموں کا جائزہ لیا اس موقع پر ملتان زون، ڈسٹرکٹ وتحصیل کمیٹی ملتان کے انچارج واراکین وکارکنان کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ بعدازاں اراکین رابطہ کمیٹینے ممبرصوبائی تنظیمی کمیٹی اورحق پرست رکن قومی اسمبلی کے ہمراہ گھنٹہ گھر چوک ملتان سے گزرنے والی گاڑیوں اورقریبی دکانوں سے چندے کی اپیل کی۔

## قائدِ تحریک جناب الطاف حسین بھائی کی ہدایت پرحق پرست رکن قومی اسمبلی کا صوبائی تنظیمی کمیٹی وزونل کمیٹی ملتان کے ہمراہ سیلاب سے متاثرہ ضلع مظفرگڑھ کے علاقے قصبہ بصیرہ کا دورہ،متاثرین سیلاب زدگان میں امداد تقسیم کی

ملتان۔۔۔18اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے رکن قومی اسمبلی ساجد احمد کا ممبرصوبائی تنظیمی کمیٹی کامران اختر اورزونل ممبر ملتان عمرعلی آغا کے ہمراہ سیلاب سے متاثرہ ضلع مظفرگڑھ کے علاقے قصبہ بصیرہ کا دورہ، متاثرین سیلاب میں امدادی سامان تقسیم کیا۔اس موقع پرڈسٹرکٹ وتحصیل کمیٹی مظفرگڑھ کے انچارج واراکین بھی موجود تھے۔سیلاب متاثرین نے امدادی سامان تقسیم کرنے پرقائدِ تحریک جناب الطاف حسین بھائی کا شکریہ ادا کیا اورانکی صحتیابی ودرازیء عمر کے لئے ڈھیروں دعائیں دیں۔

## حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق نادیہ گبول اوررکن سندھ اسمبلی وسیم احمد کا زراق آباد میں سیلاب کے متاثرین کیلئے قائم خیمہ بستیوں کا دورہ،متاثرین سے ملاقات امدادی کاموں کا معائنہ کیا اورمتاثرین میں غذائی اجناس تقسیم کیں

کراچی۔۔۔18،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرحق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی نادیہ گبول نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد کے ہمراہ کراچی کے علاقے رزاق آباد میں اندرون سندھ کے سیلاب زدگان کیلئے قائم کی جانے والی عارضی خیمہ بستیوں کا دورہ کیا اورسیلاب زدگان سے ملاقات کرکے ان کے مسائل معلوم کیے۔اس موقع پر ایڈیشنل ڈی ڈی او ریونیو مہدی عل شاہ اورایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔اس دوران انہوں نے متاثرین میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے راشن ،غذائی اجناس اورامدادی سامان بھی تقسیم کیا۔انہوں نے متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم انسانیت کی خدمت پر یقین رکھنے والی واحد جماعت ہے جوعوام کی بلاتفریق رنگ ونسل،زبان عملی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں ایم کیوایم سیلاب متاثرین کوتنہا نہیں چھوڑے گی۔اس دوران انہوں نے ایڈیشنل ڈی ڈی او، ریونیو مہدی علی شاہ کو ہدایات دیں کہ وہ مرد اور خواتین سیلاب متاثرین کودرپیش مسائل کے حل کیلئے فوری طور پرعملی اقدامات بروئے کار لائیں۔بعدازاں متاثرین نے حق پرست ارکانِ صوبائی اسمبلی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھرپور تعاون پر انکا شکریہ ادا کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## معروف فنکار وکمپئر معین اختر کی والدہ کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹیلی ویژن اوراسٹیج معروف فنکار اور کمپئر معین اختر کی والدہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے معین اختر سمیت مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## بہاولپور میں مسافر کوچ کے حادثے میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔18، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی سے شجاع آباد جانے والی مسافر کوچ کے بہاولپور کے مقام پر ٹرالر سے خوفناک تصادم کے نتیجے میں معصوم بچی اور خواتین سمیت متعدد افراد کی ہلاکت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا کہ قومی شاہراہوں پر ٹریفک حادثات کی روک تھام اور شہریوں کے جان مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر حادثات روز کا معمول بن گئے ہیں جس میں ہر سال سینکڑوں قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں جبکہ متعدد افراد زندگی بھر کیلئے معذور ہوکررہ گئے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر حادثات میں تیزی سے اضافہ ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہیں جس سے شہریوں میں شدید خوف وہراس پایا جارہا ہے اور دوران سفر شہریوں کی زندگیاں غیر محفوظ محسوس ہوکر رہ گئی ہیں۔رابطہ کمیٹی نے بہاولپور کے قریب مسافر کوچ کے حادثے میں جاں بحق افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حادثے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین) رابطہ کمیٹی نے حادثے کے تمام زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ کے بزرگ کارکن کریم الدین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔18، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے بزرگ کارکن کریم الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او میر پور خاص سیکٹر کے زیر اہتمام فرسٹ ائیر وانٹر کلاسوں میں داخلوں کے خواہشمند طلباء کی رہنمائی کے لئے میر پور خاص میں چار روزہ کیمپ کا انعقاد

## طلبہ نصابی و ہم نصابی سرگرمیوں مے بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔اساتذہ کرام

میر پور خاص۔۔۔18، اگست 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن میر پور خاص سیکٹر کے زیر اہتمام فرسٹ ائیر وانٹر کلاسوں میں داخلوں کے خواہشمند طلباء کی رہنمائی کے لئے مرے پور خاص میں چار روزہ کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔گورنمنٹ شاہ لطیف کالج میر پور خاص میں لگائے جانے والے کیمپ کے پہلے روز طلبہ کی بڑی تعداد میں کیمپ سے رہنمائی حاسل کی اا اور اے پی ایم ایس او کی جانب سے کیے جانے والے اس اقدام کو سراہا۔ دریں اثناء مختلف تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام نے اے پی ایم ایس او امیر پور خاص سیکٹر کے تحت لگائے گئے کیمپ کا دورہ کیا۔اور سیکٹر کمیٹی کو کیمپ کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے اس طلبہ دوست سرگرمی قرار دیا۔اس موقع پر انہوں نے کیمپ میں رہنمائی کے لئے آنے والے طلبہ سے گفتگو کر تے انہیں بھی نصابی و ہم نصابی سرمیوں میں برھ چڑھ کر حصہ لینے کی تلقین کی۔

## ایم کیوایم کے بزرگ کارکن کریم الدین انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، اگست 2010ء

ایم کیوایم ایلڈ زرونگ ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے کارکن کریم الدین خان ولد جمیل الدین خان علالت کے باعث انتقال کر گئے ۔مرحوم کی عمر 75 سال تھی اوران کے پسماندگان میں سات صاحبزادیاں اور ایک صاحبزادہ شامل ہیں ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے ایلڈ رز ونگ ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے بزرگ کارکن کریم الدین کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین اور دعا کی اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے ۔(آمین)

## متحدہ سوشل فورم کے ارکان نے مقامی اسپتال میں سندھی ادبی بورڈ کے وائس چیئر مین شیخ عزیز کی عیادت کی

کراچی۔۔۔18، اگست 2010ء

متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین، احمد سلیم صدیقی اور معصوم قری نے سینئر صحافی اور سندھی ادبی بورڈ کے وائس چیئر مین شیخ عزیز کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اوران کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی ۔سینئر صحافی شیخ عزیز نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین مظلوموں کی آواز ہیں ہماری تمام ہمدردی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں ۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نام اپنے پیغام میں کیا کہ انشاءاللہ فتح مظلوموں کی ہوگی ۔سینئر صحافی شیخ عزیز نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا دلی شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆